احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 29۔اگست 2014ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

# الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعہ 29۔اگست 2014ء 2ذیقعد 1435 ہجری 29 ظہور 1393 ہش جلد 64-99 نمبر 196

## آسمان کے ستارے

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

علماء کی مثال اس زمین میں ایسی ہے جیسے آسمان میں ستارے ہوتے ہیں جن کے ذریعہ لوگ خشکی اور سمندر کی ظلمات میں راہ پاتے ہیں جب ستارے بھی ڈوب جاتے ہیں تو گمراہی کا امکان بڑھ جاتا ہے۔

(مسند احمد حدیث نمبر 12621)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اِس جلسہ میں ایسے حقایق اور معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کیلئے ضروری ہیں اور نیز اُن دوستوں کیلئے خاص دعائیں اور خاص توجہ ہوگی اور حتی الوسع بدرگاہِ ارحم الراحمین کوشش کی جائے گی کہ خدائے تعالیٰ اپنی طرف ان کو کھینچے اور اپنے لئے قبول کرے اور پاک تبدیلی ان میں بخشے اور ایک عارضی فائدہ ان جلسوں میں یہ بھی ہوگا کہ ہر یک نئے سال جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہوں گے وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہوکر اپنے پہلے بھائیوں کے مُنہ دیکھ لیں گے اور روشناسی ہوکر آپس میں رشتہ تودّد وتعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا اور جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر جائے گا اس جلسہ میں اس کیلئے دعائے مغفرت کی جائے گی اور تمام بھائیوں کو روحانی طور پر ایک کرنے کیلئے ان کی خشکی اور اجنبیّت اور نفاق کو درمیان سے اٹھا دینے کیلئے بدرگاہ حضرت عزت جلّ شانہٗ کوشش کی جائے گی اور اس روحانی جلسہ میں اور بھی کئی روحانی فوائد اور منافع ہوں گے جو انشاء اللہ القدیر وقتاً فوقتاً ظاہر ہوتے رہیں گے اور کم مقدرت احباب کیلئے مناسب ہوگا کہ پہلے ہی سے اس جلسہ میں حاضر ہونے کا فکر رکھیں۔ اور اگر تدبیر اور قناعت شعاری سے کچھ تھوڑا تھوڑا سرمایہ خرچ سفر کیلئے ہر روز یا ماہ بماہ جمع کرتے جائیں اور الگ رکھتے جائیں تو بلا دقت سرمایہ سفر میسر آجاوے گا۔ گویا یہ سفر مفت میسر ہوجائے گا۔

(آسمانی فیصلہ۔ روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 352)

بالآخر میں دعا پر ختم کرتا ہوں کہ ہر یک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کیلئے سفر اختیار کریں۔ خدا تعالیٰ ان کے ساتھ ہو اور ان کو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم وغم دور فرماوے۔ اور ان کو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کی مرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے اور روز آخرت میں اپنے ان بندوں کے ساتھ ان کو اٹھاوے جن پر اس کا فضل و رحم ہے اور تا اختتام سفر ان کے بعد ان کا خلیفہ ہو۔ اے خدا اے ذوالمجد والعطاء اور رحیم اور مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت اور طاقت تجھ ہی کو ہے۔ آمین ثم آمین

(مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ 324)

## نماز کا فائدہ

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

’’اس نماز یا روزہ سے کیا فائدہ ہوگا جبکہ اسی (بیت الذکر) میں نماز پڑھی اور وہیں کسی دوسرے کی شکایت اور گلہ کر دیا۔ یا رات کو چوری کر لی۔ کسی کے مال یا امانت میں خیانت کر لی۔ کسی کی شان پر جو خدا تعالیٰ نے اسے عطا کی ہے بخل یا حسد کی وجہ سے حملہ کر دیا۔ کسی کی آبرو پر حملہ کر دیا۔ غرض اس قسم کے عیبوں اور برائیوں میں اگر مبتلا کا مبتلا رہا تو تم ہی بتاؤ اس نماز نے اس کو کیا فائدہ پہنچایا؟‘‘

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 656)

(بسلسلہ فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2014ء
مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ پاکستان)

## ربوہ کے مضافات کی اراضی پر پلاٹ بندی کر کے فروخت کرنے والے احباب کیلئے ایک ضروری اعلان

آجکل ربوہ کے مضافات میں رہائشی پلاٹوں کی خرید و فروخت کے حوالے سے بہت سے مسائل سامنے آرہے ہیں۔ اس ضمن میں تمام ایسے احباب کو جو اپنی زرعی یا سکنی اراضی کو ازخود تقسیم کر کے پلاٹ بندیاں کر رہے ہیں یا کالونیاں بنا رہے ہیں، ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس قسم کی کسی بھی کارروائی سے قبل مضافاتی کمیٹی سے اجازت حاصل کریں۔ نیز جو احباب پہلے ہی اس قسم کی کارروائی کر چکے ہیں اور تا حال پلاٹ فروخت کر رہے ہیں ان کو بھی ہدایت کی جاتی ہے کہ 30 یوم کے اندر اندر دفتر مضافاتی کمیٹی میں رابطہ کریں۔ اور اپنی سکیم کی تفصیلات سے آگاہ کریں اور اس کی مضافاتی کمیٹی سے باقاعدہ منظوری حاصل کریں۔ بصورت دیگر ان کے خلاف نظام جماعت کے تحت مناسب کارروائی کی جاسکتی ہے نیز اگر کوئی پراپرٹی ڈیلر ایسے معاملات میں بلا اجازت شامل ہوئے تو ان کے خلاف بھی کارروائی کی جاسکتی ہے۔

(صدر مضافاتی کمیٹی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

نظارت تعلیم

# ربوہ میں سپلائی کے پانی کی حیاتیاتی تجزیاتی رپورٹ

# پانی کو پینے کے قابل کس طرح بنایا جائے؟

ذرا غور کیجئے:۔وہ پانی جسے پینے کے لئے آپ دن میں گلاس کو کئی مرتبہ دھوتے ہیں اس پانی کو سٹور کرنے والے ٹینک کو آخری بار آپ نے کب صاف کیا تھا؟

ایسے جاندار جنہیں سادہ آنکھ سے نہ دیکھا جا سکے بلکہ انہیں خوردبین سے ہی دیکھا جا سکے۔ خوردبینی جاندار کہلاتے ہیں۔مثلاً بیکٹیریا، وائرس اور پروٹوزوا۔ایسے خوردبینی جاندار جو بیماری پیدا کرنے کی وجہ بنیں انہیں پیتھوجن کہتے ہیں۔جو کہ گندگی والے ماحول میں ہر جگہ پائے جاتے ہیں۔اگر صرف پانی کو دیکھا جائے تو اس کی آلودگی کی وجہ سے پنپنے والے پیتھوجنز کی وجہ سے مندرجہ ذیل مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

☆دنیا میں ہر آٹھ سیکنڈ میں ایک بچہ آلودہ پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی وجہ سے موت کی وادی میں چلا جاتا ہے۔

☆دنیا میں ہر سال تیس لاکھ لوگ صرف ڈائیریا اور ہیضہ سے جان کی بازی ہار جاتے ہیں۔ جس کی ایک بڑی وجہ خراب پانی ہے۔

☆ترقی پذیر ممالک کے تقریباً پچاس فیصد لوگ آلودہ پانی سے پیدا ہونے والی ایک یا ایک سے زیادہ بیماریوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔

☆ترقی پذیر ممالک میں اسی (80) فیصد بیماریاں آلودہ پانی سے پیدا ہوتی ہیں۔

مندرجہ بالا جائزہ رپورٹ پر اگر نظر دوڑائی جائے تو پتا چلتا ہے کہ بات صرف یہاں پر ختم نہیں ہوتی، بلکہ پوری دنیا بالخصوص ترقی پذیر ممالک میں صرف آلودہ پانی سے پھیلنے والی بیماریوں کی وجہ سے جان، مال اور وقت کا ایک بڑا حصہ ضائع ہو جاتا ہے۔انہی حقائق کے پیش نظر نظارت تعلیم کے تحت قائم کردہ پانی کی تجزیاتی اور تحقیقاتی ٹیم نے پانی کے سپلائی کے اکیس نمونہ جات کا مائیکرو بائیولوجیکل ٹیسٹ کیا جو کہ مختلف گھروں کے پانی کے ٹینک اور نل سے لئے گئے جن کے نتائج تسلی بخش نہ تھے۔ پانی میں مائیکرو آرگنزمز کی تعداد ان علاقوں میں زیادہ پائی گئی جہاں سپلائی کے پانی کی بندش رہتی ہے یا جن گھروں کے حوض کی صفائی کروائے ہوئے ایک لمبا عرصہ ہو گیا ہوا تھا بعد ازاں انہی نمونہ جات کو ابال کر، آیوڈین، پوٹاشیم پرمیگنیٹ، کلورین واٹر ڈال کر اور فلٹر کر کے ٹیسٹ کیا گیا۔

یوں تو آلودہ پانی میں لاتعداد پیتھوجنز ہو سکتے ہیں رپورٹ میں صرف ان پیتھوجنز یا بیماریوں کا ذکر کیا گیا ہے جن سے قارئین واقف ہیں اور سپلائی کے پانی میں مشاہدہ کئے گئے ہیں۔

## آلودہ پانی کے ذرائع اور

## چند اہم بیماریاں

آلودہ پانی میں ہیضہ، ٹائیفائیڈ، ہیپاٹائیٹس اور نظام انہضام کے مسائل پیدا کرنے والے پیتھوجنز ہو سکتے ہیں۔ جو کہ سیوریج کے پانی کے واٹر سپلائی کی لائن کے ساتھ ملنے کی وجہ سے داخل ہوتے ہیں جب یہ آلودہ پانی بغیر صاف کئے پیا جاتا ہے تو یہ پیتھوجن انسانی جسم میں داخل ہو کر مختلف بیماریاں پیدا کرنے کی وجہ بنتے ہیں۔

ربوہ کے محلّہ جات کا پانی ٹیسٹ کیا گیا۔ربوہ کے محلّہ دارالصدر، دارالیمن، دارالرحمت، فیکٹری ایریا، شکور پارک، دارالنصر، دارالعلوم کے واٹر سپلائی کے نمونہ جات کے حیاتیاتی ٹیسٹ کئے گئے۔مجموعی طور پر ٹائیفائیڈ، ہیضہ اور نظام انہضام کی بیماریاں پیدا کرنے والے پیتھوجن مشاہدہ کئے گئے۔

ربوہ کے پانی میں سے پیتھوجنز ختم کرنے کے لئے ٹیسٹ کئے گئے طریقے اور نتائج:۔

پانی کو صاف کرنے کے لئے ابالنا، کلورینیشن، آیوڈین، پوٹاشیم پرمینگنیٹ اور فلٹریشن کے طریقے ٹیسٹ کئے گئے۔سب سے زیادہ پیتھوجنز ابالنے سے ختم ہوئے، پھر کلورینیشن اور فلٹریشن سے، پوٹاشیم پرمینگنیٹ اور آیوڈین سے بھی 80 سے 90 فیصد پیتھوجن ختم ہوئے۔اگر فلٹریشن مشین کو صحیح طریقے سے استعمال کیا جائے تو تقریباً سو فیصد صاف پانی حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## مقامی طور پر پانی کو جراثیم سے پاک کرنے کے لئے اقدامات :

مقامی سطح پر پانی کی صفائی کا عمل مندرجہ ذیل مراحل میں کیا جا سکتا ہے۔

☆پانی کے ٹینک کی صفائی

☆اندرونی سپلائی لائنز کی صفائی

☆الٹراوائلٹ فلٹریشن

☆پانی کا ابالنا

## پانی کے ٹینک کو صاف کرنے کا طریقہ:

اس کے مندرجہ ذیل مراحل ہیں۔

1. صفائی:۔ پانی کے ٹینک کو خالی کر کے پیندے میں موجود ہر قسم کا میٹیریل نکال دیں۔ ٹینک کی دیواروں، کونوں اور جوڑ والی جگہوں کو کسی صاف یا نئے برش کی مدد سے اچھی طرح رگڑ کر صاف کریں۔اگر مرمت کی ضرورت ہو تو وہ کروالی جائے۔

## 2.۔جراثیم سے پاک کرنا

59 گرام خشک کیلشیم ہائپوکلورائیٹ ایک ہزار گیلن پانی کے حساب سے ٹینک میں ڈالیں۔ پانی ٹینک میں اس طرح ڈالیں کہ کیلشیم ہائپوکلورائیٹ اچھی طرح مکس ہو جائے۔ٹینک کو پانی سے بھر کر چوبیس گھنٹے کے لئے چھوڑ دیں۔ یہ کیمیکل کلورین کے ذریعے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔چوبیس گھنٹے کے بعد اس پانی کو نکال دیں۔پچاس گرام سوڈیم میٹا بائی سلفائیٹ فی ایک ہزار گیلن پانی کے حساب سے پانی کے ٹینک میں ڈال کر پانی سے بھر کر دو گھنٹے کے لئے چھوڑ دیں۔ یہ کیمیکل کلورین کو کم کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔۔ٹینک کو پانی سے اچھی طرح صاف کرنے کے بعد دوبارہ سے پانی کو سٹور کرنے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

:

مندرجہ ذیل اشیاء بھی جراثیم کش کے طور پر استعمال ہوتی ہیں۔بیکنگ سوڈا، بغیر خوشبو والے اور بغیر پٹرولیم کے مرکبات والے صابن اور سرف لیموں کا رس، بوریکس، سوڈیم بوریٹ، سفید سرکہ، واشنگ سوڈا۔

## سپلائی لائنز کی صفائی کا طریقہ۔

چونکہ سب سے زیادہ پانی کی آلودگی سپلائی لائنز کے ساتھ سیوریج لائنز کے ملنے کی وجہ سے ہوتی ہے۔اس لئے سپلائی لائنز کی مرمت ہونی چاہئے لیکن ہمارے ماحول میں یہ مشکل ہے۔اس لئے مستقل بنیادوں پر کلورین شامل کرنا ضروری ہے۔ اسی طرح گھر کی سپلائی لائنز کو بھی کلورین یا بلیچ ملا پانی گزار کر صاف کیا جانا چاہئے۔اس پانی کو آدھے گھنٹے تک سپلائی لائن میں رہنے دیں بعد ازاں صاف پانی گزار کر صاف کر لیں۔ تا کہ گھر میں دیگر سپلائی لائنز میں آنے والے پانی کو بھی جہاں تک ممکن ہو جراثیم سے پاک کیا جا سکے۔

## 1. پانی کو صاف کرنے کیلئے کلورین واٹر یا بلیچ کی مقدار:

ایک گیلن پانی میں آٹھ سے سولہ قطرے کلورین واٹر یا بلیچ جو کہ ایک چوتھائی چائے کا چمچ بنتا ہے، ڈالیں اور آدھے گھنٹے کے لئے چھوڑ دیں۔ ایک چائے کے چمچ کے برابر بلیچ یا کلورین واٹر سے تقریباً پانچ گیلن پانی صاف کیا جا سکتا ہے

پانی کے ایسے ٹینک جن کا پانی روزانہ کی بنیاد پر استعمال ہو جاتا ہے ان کی کلورینیشن مہینہ میں ایک دفعہ کرنی چاہئے اور بلیچ کی مقدار ایک اونس فی دو سو گیلن پانی یا پانچ اونس فی ایک ہزار گیلن پانی استعمال کرنی چاہئے۔

پانی کے وہ ٹینک جن میں پانی لمبے عرصے تک جمع رہتا ہے ان کی ہفتے میں ایک دفعہ کلورینیشن کرنا ضروری ہے۔اور بلیچ یا کلورین کی مقدار تقریباً ایک کپ فی ہزار گیلن ہونی چاہئے۔

## الٹراوائلٹ فلٹریشن

پیتھوجنز کو کنٹرول کرنے کے لئے الٹراوائلٹ فلٹرز سب سے بہتر ہیں اور مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔ اس سے ننانوے فیصد سے زیادہ جراثیم ختم ہو جاتے ہیں۔مختلف قسم کے پیتھوجنز مختلف طاقت کی شعاعوں سے ختم ہوتے ہیں

عام طور پر الٹراوائلٹ فلٹرز کی طاقت ایک سال بعد یا دس ہزار گھنٹوں کے بعد تبدیل کرنا چاہئے جبکہ فلٹرز چھ ماہ بعد۔UV lamp فلٹرز کا پور سائز ایک مائیکرون یا اس سے کم ہونا چاہئے۔ تا کہ اس سے مائیکرو آرگنزمز کے سسٹ اور سپورز پانی میں سے فلٹر ہو سکیں۔نیز اس سے الٹراوائلٹ شعاعیں زیادہ مؤثر طریقے سے مائیکرو آرگنزمز کو ختم کر سکتی ہیں۔

## پانی کا ابالنا

اگرچہ کلورینیشن اور فلٹریشن کے بعد پانی صاف ہو جاتا ہے۔عوامی جگہوں اور ادارہ جات میں اگر صحیح طریقے سے ان دونوں طریقوں کو اپنایا جائے تو صاف اور صحت بخش پانی مہیا کیا جا سکتا ہے۔لیکن گھریلو سطح پر کلورینیشن اور فلٹریشن کے بعد اگر پندرہ سے بیس منٹ تک پانی کو ابال لیا جائے تو پانی کی کوالٹی کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔یاد رہے کہ یہ ٹائم اس وقت شمار کیا جائے جب پانی میں بلبلے بننا شروع ہو جائیں۔

حوالہ جات:

-Microbial Contamination and Removal from Drinking Water by Meghan Kathleen -Preventing Disease ۔Smith, Through Healthy Environment by APruss- Ustun (WHO).-Raw Water Underground/Overhead Water Storage Tanks Cleaning and Disinfection Procedures -Nontoxic and Safewater Sanitation Health .WATER PURIFICATION Common Questions about Ultraviolet .OA Guide to Water ،•Systems PurificationThe Backpacker's Field Manual by Rick Curtis

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ........... مطبع: ضیاء الاسلام پریس ........... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ........... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

قسط نمبر 3

# مشکل الفاظ کا تلفظ اور ان کے معانی

## کتب حضرت مسیح موعود (روحانی خزائن جلد 18)

| الفاظ | تلفّظ | معانی |
|---|---|---|
| دام میں پھنس گئی | دَام میں پَھنْس گَئِی | چال میں پھنس گئی، دھوکے میں آ گئی |
| دامن پکڑو | دَامَنْ پَکْڑو | پناہ میں آ ؤ، سہارا لو |
| دانست | دَانِسْت | علم، جاننا، ذہن میں ہونا، سمجھ |
| دانستہ | دَانِسْتَه | جانتے بوجھتے ہوئے، عمداً |
| دانش | دَانِشْ | علم، عقل، دانائی، حکمت |
| دانشمند | دَانِشْمَنْدْ | عالم، فاضل، عاقل |
| دائم المرض | دَائِمُ الْمَرَضْ | ہمیشہ بیمار رہنے والا |
| دجال کشی | دَجَّالْ کُشِیْ | دجال کو مارنا |
| دجال | دَجَّالْ | جھوٹا، سچائی کو چھپانے والا، کاذب، روایت کے مطابق ایک جھوٹا گروہ جو اخیر زمانہ میں پیدا ہوگا |
| دختر | دُخْتَرْ | لڑکی، بیٹی |
| دخول | دُخُوْلْ | اندر گھسنا، آمد، دخل، گذر، داخل کرنا |
| دخیل | دَخِیْلْ | دخل دینے والا، مداخلت کرنے والا |
| درحالت سکوت | دَرْ حَالَتِ سُکُوْتْ | آرام کی حالت میں، خاموشی کی حالت میں |
| درحقیقت | دَرْ حَقِیْقَتْ | اصل میں، حقیقت میں |
| درپے | دَرْ پَے | پیچھے پڑنا |
| درکنار | دَرْ کِنَارْ | ایک طرف، علیحدہ علیحدہ |
| درماندگی | دَرْ مَانْدَگِی | ناچاری، عاجزی، لاچاری |
| درندگی | دَرِنْدَگِیْ | وحشت، ظلم، درندہ پن |
| درندہ طبعی | دَرِنْدَہْ طَبْعِیْ | درندہ پن، درندگی |
| دروغ گو | دَرُوْغْ گُوْ | بہت زیادہ جھوٹا، کاذب |
| درویشوں | درویشوں | درویش کی جمع، فقیر، بھکاری، صاحب معرفت، خدا رسیدہ |
| دریدہ دہن | دَرِیْدَہْ دَهَنْ | گستاخ، بدزبان |
| دریغ | دَریغ | انکار، تامل |
| دست برد | دَسْت بُرْدْ | غبن، خیانت، لوٹ مار، بے جا تصرف |
| دست بستہ | دَسْتْ بَسْتَه | ہاتھ باندھ کر، ہاتھ جوڑ کر، منت کر کے |
| دستبردار | دَسْتْبَرْ دار | کسی کام وغیرہ سے ہاتھ اٹھانے والا، چھوڑنے والا، دستکش، بے تعلق |
| دستگیری | دَسْتْ گِیرِیْ | مدد، معاونت، حمایت |
| دستیاب | دَسْتِیَابْ | حاصل، میسر |
| دشت | دَشْتْ | جنگل، صحرا، بیابان |
| دشنام دہی | دُشْنَامْ دَهِیْ | گالی گلوچ |
| دشوار | دُشْوَار | مشکل، کٹھن |
| دعائے مستجاب | دُعَائے مُسْتَجَابْ | قابل قبول دعا، وہ دعا جو قبول ہو جائے |
| دغا | دَغَا | دھوکہ، فریب، مکاری |
| دف | دَف | ڈفلی، ایک ہاتھ سے بجانے والا ایک ساز |
| دفع کرنا | دَفْع کَرْنَا | دور کرنا، ہٹانا، پرے کرنا |
| دفینوں | دَفِیْنُوْں | دفن کیا ہوا مال، خزانہ، دفن کی ہوئی شے دفینہ کی جمع |
| دق | دِقْ | ایک بیماری جو پھیپھڑوں کے خراب ہونے سے لگ جاتی ہے |
| دقیق | دَقِیْق | باریک |
| دقیقہ | دَقِیْقَہْ | گہرے (مضامین) |
| دل برداشتہ | دِلْ بَرْ دَاشْتَه | جس کا دل ہٹ جائے، الگ تھلگ، غمگین |
| دل کو سیری | دِلْ کو سیرِیْ | دل بھر جانا |
| دلالت | دَلَالَتْ | علامت، نشان، پتا، دلیل، ثبوت، رہنمائی |
| دلالہ | دَلَّالَہْ | ذریعہ، واسطہ (ملانے کا ذریعہ) |
| دلائل | دَلَائِلْ | دلیل کی جمع |
| دلآرام | دِلْآرَام | دل کو آرام دینے والا، معشوق |
| دلآزار | دِلْآزَار | دل کو ستانے والا، دل کو دکھانے والا، ظالم |
| دلجوئی | دِلْجُوْئِیْ | تسلی، تسکین |
| دلکش | دِلْکَشْ | دل کو کھینچنے والا |
| دلی سوز | دِلِیْ سوْزْ | دل کی جلن، دردِ دل |
| دلیر | دَلیر | بہادر، شجاع، بے خوف |
| دم نہیں مار سکتے | دَمْ نَہِیں مَار سَکْتے | کچھ نہ بول سکتے، مقابلہ پر ٹھہر نہیں سکتے |
| دمبدم | دَمْبَدَمْ | ہر گھڑی، ہر وقت، برابر، متواتر |
| دمنہ | دِمَنَه | کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ |
| دن دہاڑے | دِنْ دِهَاڑے | دن میں، سب کے سامنے، کھلے بندوں، اعلانیہ |
| دنیا پرست | دُنیَا پَرَسْتْ | دنیادار، لالچی، دنیا کے پیچھے پڑا رہنے والا |
| دوشنبہ | دوْ شَنْبَه | پیر کا دن، سوموار |
| دوران سر | دَوْرَانِ سَر | سر گھومنا، سر چکرانا |
| دہریت | دَهرِیَّت | خدا کو نہ ماننا |
| دھسنے لگی | دَهسَنے لگی | پھنسنے لگی، اندر جانے لگی |
| دھنس | دَهنْس | داخل ہونا کسی سطح کے اندر گھس جانا، گھسنا |
| دھوکا دہی | دھو کَادَهِیْ | فریب دینا |
| دھیان | دَهْیَانْ | خیال، توجہ، فکر، سوچ |
| دیار | دِیَارْ | شہر، علاقہ، ملک |
| دیباچہ | دِیْبَاچه | کتاب کا مقدمہ، پیش لفظ، تمہید |
| دیدار | دِیْدَار | جلوہ، درشن، نظارہ |
| دیوان | دِیْوَان | شاعر کے کلام کا مجموعہ |
| دیوّثی | دَیُّوْثِیْ | بے حیائی، بے غیرتی |
| دِقت | دِقَّتْ | مشکل، دشواری |
| دِہ بدِہ | دِہ بَدِہ | گاؤں گاؤں، قریہ قریہ |
| ڈپٹی | ڈِپْٹِیْ | نائب (Deputy) |
| ڈپٹی کمشنر | ڈِپْٹِیْ کَمِشْنَرْ | ضلع کا افسرِ اعلیٰ، کلکٹر (Deputy commissioner) |
| ڈگری ہوگئی | ڈِگْرِی ہو گَئِیْ | سرکاری فیصلہ ہوگیا۔ جیت ہوگئی |
| ڈھانک لیا | ڈَھانْکْ لِیَا | چھپالیا، بند کرلیا |
| ڈھیل | ڈِھیْلْ | دیر، وقفہ، سستی، مہلت |
| ڈیرہ | ڈیْرَہ | خیمہ، تنبو، عارضی قیامگاہ، گھر، مکان |
| ذاتی | ذَاتِیْ | نجی، اپنی، اصلی، حقیقی، شخصی |
| ذخیرہ | ذَخِیْرَہْ | خزانہ، گودام، پونجی |
| ذکا | ذَکَا | ذکاوت، ذہانت، دانائی، فراست |
| ذم | ذَم | مذمت، ہجو، برائی |
| ذوالجلال | ذُو الْجَلَالْ | صاحب جلال، مرتبے والا، دبدبے والا، خدا تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام |
| ذوالعزّت | ذُو الْعِزَّتْ | عزت والا |
| ذوالفقار | ذُو الْفِقَارْ | ایک مشہور تلوار جو غزوہ احد کے موقعہ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علیؓ کو دی تھی۔ |
| ذوالمعارف | ذُو الْمَعَارِفْ | معرفت سے بھرا ہوا، علم و فضل والا |
| ذہن رسا | ذِهْن رَسَا | تیز ذہن |
| ذہن نشین | ذِهْنْ نَشِیْنْ | سمجھا ہوا، یاد رکھا ہوا، سمجھ میں آیا ہوا |
| ذیابیطس | ذِیَابِیْطَسْ | پیشاب کی بیماری جس میں پیشاب کے ساتھ شکر آتی ہے |
| راحت | رَاحَت | خوشی، فرحت |
| راستباز | رَاسْتْبَاز | سچ بولنے والا، نیک |
| راستبازی | رَاسْتْبَازِی | سچائی |
| راستی | رَاسْتِی | سچائی، صدق |
| رام رام | رَام رَام | ہندوؤں کا سلام، توبہ توبہ، پرمیشر (خدا) بجائے ہندو رام رام کہتے ہیں |
| رائے زنوں | رَائے زَنوْں | کسی امر کے بارے میں اظہار رائے کرنے والے |
| راہِ راست | رَاہِ رَاست | سیدھا راستہ |
| ربقہ | رِبْقَہْ | رسی کا پھندا، طوق |
| ربوبیّت | رَبُوبِیَّت | پرورش یا سرپرستی کرنے کا عمل یا کیفیت نیز منصب یا مقام، خدائی، پروردگاری |
| ربّانی | رَبَّانِیْ | رب کا، رب کی طرف منسوب، علم الٰہی جاننے والا |
| رجال | رِجَالْ | (رجل کی جمع) لوگ، بہت سے مرد |
| رجوع خلائق | رُجُوْعِ خَلَائِقْ | مخلوق کا متوجہ ہونا، مخلوق کا مائل ہونا |
| ردّی | رَدِّیْ | بے کار، نکمی، ناقص |
| رسم | رَسْمْ | دستور، نقش، نشان، تحریر، قانون، عادت، چال چلن |
| رسمی | رَسْمِیْ | معمولی، عام |

| | | |
|---|---|---|
| رطب ویابس | رَطْب و یَابِسْ | نیک و بد، تر و خشک، برا بھلا |
| رعایا | رَعَایَا | رعیت کی جمع۔ وہ لوگ جو بادشاہ یا راجہ کی سلطنت میں آباد ہوں۔عوام |
| رعیت | رَعِیَّتْ | وہ لوگ جو کسی حاکم کے ماتحت ہوں |
| رغبت | رَغْبَت | جھکاؤ، چاہت، میلان |
| رفاقت | رَفَاقَتْ | ہمراہی، ساتھ، محبت، دوستی، اتحاد، وفاداری |
| رفق | رِفْق | نرمی، مہربانی۔ |
| رفیق | رَفِیْق | ساتھی، ہم راہی، ہم سفر، مددگار، معاون، دوست |
| رقّت | رِقَّتْ | نرمی، رونا، گریہ، وجد، رحم، ترس، ہمدردی، رحم دلی |
| رکیک | رَکِیْک | سست، دبلا پتلا، نازک، ناچیز، ادنیٰ |
| رموز | رُمُوْز | اشارے، راز، بھید |
| رنج دہ خطابوں | رَنْج دِہْ خِطَابوں | دکھ دینے والے نام، تکلیف دینے والے القاب |
| رنگ جمانا | رَنْگ جَمَانَا | اثر ڈالنا، رسوخ پیدا کرنا |
| رنگارنگ | رَنْگَارَنْگ | مختلف قسموں کے |
| روبہ بازی | رُوْبَہْ بَازِیْ | مکروفریب، چال |
| روانہ | رَوَانَہ | جانے والا، چلنے والا، گیا ہوا |
| روانی چشمہ | رَوَانِیْ چَشْمَہْ | بہتا ہوا چشمہ |
| روبخدا | رُوْبَخُدَا | خدا کی طرف توجہ |
| روبرو | رُوْبَرُو | آمنے سامنے |
| روبکار | رُوْبَکَارْ | پیشی، عدالتی حکم، پروانہ |
| روپ | رُوْپ | صورت، شکل، ڈھنگ، طرز، جلوہ، تصویر |
| روحانی | رُوْحَانِیْ | روح سے متعلق، پاک، صاف، مقدس |
| روزازل | رُوْزِ اَزَلْ | شروع دن سے، ابتداء سے |
| روسیاہ | رُوْسِیَاہْ | شرمندہ، گنہگار، کالا منہ، کالے منہ کا |
| روش | رَوِشْ | طریق، طرز عمل |
| روشناس | رُوْشَنَاسْ | جان پہچان والا، واقف کار |
| روندا | رَوْنْدَا | پامال کیا، پاؤں سے کچلا |
| رونق | رَوْنَق | چمک، زیبائش، خوبی، تازگی، چہل پہل |
| روئداد | رُوْئِدَادْ | واقعہ |
| رویت حق | رُوْیَتِ حَقْ | سچ کا دیکھنا |
| رؤیا | رُؤْیَا | خواب، سپنا |
| رئیسوں | رَئِیْسوں | سرداروں، دولت مندوں |
| رہا | رِہَا | چھوٹا ہوا، نجات یافتہ، آزاد کیا گیا |
| رہائی | رِہَائِیْ | نجات، معافی، آزادی |
| رہزنی | رَہْزَنِیْ | قزاقی، راستے میں لوٹ لینا |
| رہے سہے | رَہے سَہے | بچے کچھے، باقی ماندہ |
| ریاست | رِیَاسَتْ | سرداری، افسری، امارت، راج، حکومت |
| ریاکاری | رِیَاکَارِیْ | مکاری، فریب، نفاق، دکھاوا |
| رُسوا | رُسْوَا | ذلیل، خوار |
| زاری | زَارِیْ | گریہ، رونا، پیٹنا، عجز و نیاز |
| زائل | زَائِلْ | دور ہونے والا، کم ہونے والا |
| زاہدانہ | زَاہِدَانَہ | دنیا سے رغبت اور خواہش نہ رکھتے ہوئے، متقی بنتے ہوئے |

| | | |
|---|---|---|
| زبان دانی | زُبَانْ دَانِیْ | زبان کی پورے طور پر واقفیت |
| زبان دراز کرنا | زُبَانْ دَرَازْ کَرْنَا | بہت باتیں کرنا، بہت بولنا، گالیاں دینا، بدزبان ہونا |
| زحیر | زَحِیْرْ | پیچش کا مرض |
| زعم | زُعْمْ | گمان، ظن، غرور |
| زکی | زَکِیْ | پاک، نیک |
| زوج | زَوْج | جفت، جوڑا، بیوی خاوند میں سے کوئی ایک، شوہر |
| زوجیت | زَوْجِیَّتْ | نکاح، شادی، عقد |
| زور پڑ گیا | زوْر پَڑْ گَیَا | بوجھ پڑ گیا، دباؤ پڑ گیا، مجبور کیا جانا |
| زہر اگلا ہے | زَہْر اُگْلَاھے | کسی کی نسبت بری باتیں کہنا، فتنہ انگیز باتیں کرنا |
| زہر قاتل | زَہْر قَاتِلْ | وہ زہر جس کے کھانے سے انسان مر جائے، مہلک زہر |
| زہر ہلاہل | زَہْرِ ہَلَاہَلْ | قاتل زہر، مہلک زہر |
| زہے قسمت | زَہے قِسْمَتْ | (کلمۂ تحسین) اچھی قسمت سے، خوش بختی سے |
| زیادت پذیر | زِیَادَتْ پَذِیْرْ | بڑھنے والا |
| زیارت | زِیَارَتْ | کسی متبرک مقام یا چیز یا آدمی کو دیکھنا، مقدس مقام کا نظارہ |
| زیر حراست | زیْرِ حِرَاسَتْ | گرفتار، جو حوالات میں ہو |
| زیر طبع | زیْرِ طَبْعْ | چھپنے کے عمل میں |
| زیرکی | زِیْرَکِیْ | عقلمندی، دانائی، ذہانت |
| زیرک | زِیْرَک | دانا، عقلمند، ذہین |
| زینہ | زِیْنَہْ | سیڑھی |
| سادات | سَادَاتْ | وہ قوم جو حضرت علیؓ کی اولاد اور حضرت فاطمہؓ کے بطن سے ہے، سید قوم |
| سرٹیفکیٹ | سَرْٹِیْفِکیٹ | پروانہ، سند (certificate) |
| سارق | سَارِقْ | چور، چرانے والا |
| سازشیں | سَازِشیں | کسی کی مخالفت کے لئے باہمی اتفاق، خلاف قانون تال میل |
| ساعت | سَاعَتْ | گھڑی، لمحہ، لحظہ، پل، وقت |
| ساق | سَاقْ | پنڈلی، ڈنٹھل، درخت کا تنا، ڈنڈی |
| ساکت | سَاکِتْ | خاموش، چپ |
| ساکن | سَاکِنْ | بے حرکت، ٹھہرا ہوا۔ رہنے والا، مقیم |
| سال بسال | سَال بَسَال | ہر سال، ہر برس |
| سالک | سَالِک | راہ چلنے والا، (تصوف کی اصطلاح میں) جو خدا کا قرب بھی چاہے اور شغل معاش بھی رکھتا ہو |
| سامنا | سَامْنَا | ملاقات، ملنا، مقابلہ، لڑائی، مقابل |
| سبکدوش | سُبُکْدوْش | فارغ، مستعفی، جس کے پاس کچھ بوجھ نہ ہو |
| سبیل | سَبِیْلْ | راستہ، تدبیر، طریقہ، صورت |
| سپاہیانہ | سِپَاہِیَانَہ | سپاہی کی طرح، بہادری کے ساتھ |
| سپرد | سُپرد | حوالہ، تفویض، تحویل |
| سپرنٹنڈنٹ | سُپرِنْٹَنْڈَنْٹ | ناظم، ناظر، داروغہ، مہتمم، نگران (Superintendent) |

| | | |
|---|---|---|
| سپہ سالاروں | سِپہْ سَالَارُوْں | سپہ سالار کی جمع: کمانڈر، فوج کا سب سے بڑا افسر، جنرل |
| سپید | سَپِید | سفید، اجلا، چٹا، گورا |
| ستم گر | سِتَمْ گَرْ | جفا کار، تکلیف دینے والا، ستانے والا |
| ست ودیا | سَتْ وِدْیَا | وید کی سچی تعلیم |
| سجع | سَجْع | دو فقروں کے آخری الفاظ کا ہم قافیہ ہونا، ایسا موزوں فقرہ یا مصرعہ جس کے کچھ ظاہری معنے بھی ہوں اور اس میں کسی شخص کا نام بھی آ جائے۔ |
| سخی | سَخِیْ | فیاض، کریم، دریا دل، لوگوں کے ساتھ سلوک کرنے والا |
| سراب | سَرَاب | وہ ریت یا تارکول جس پر دھوپ میں دور سے پانی کا دھوکا ہوتا ہے |
| سراپا نور | سَرَاپَا نُوْرْ | سرتا پاؤں نور، مجسم نور |
| سراسیمہ | سَرَاسِیْمَہْ | حیران پریشان، گھبرایا ہوا |
| سرچشمہ | سَرْ چَشْمَہْ | منبع، سوت |
| سرخی | سُرْخِیْ | لالی، لال رنگت |
| سرزنش | سَرْزَنِشْ | ملامت، جھڑکی، زجر، توبیخ |
| سرسام | سَرْسَام | ورم دماغ کا مرض جس میں شدت سے بخار ہوتا ہے اور مریض اول فول بکنے لگتا ہے |
| سرعت | سُرْعَتْ | جلدی، تیزی |
| سرغنہ | سَرْغَنَہ | سرگروہ، سردار |
| سرقہ | سَرْقَہ | چوری |
| سرکش | سَرْکَشْ | مغرور، نافرمان |
| سرگرداں | سَرْ گَرْدَاں | پریشان |
| سرگرم | سَرْ گَرْمْ | گرمجوش |
| سرمایہ | سَرْمَایَہْ | (راس المال) اصلی رقم جو کسی تجارت میں لگائی جاوے |
| سرمست | سَرْمَسْتْ | متوالا، نشہ میں مست |
| سرنگوں | سَرْنِگُوْں | اوندھے منہ، سر کے بل، شرمندہ، خجل |
| سرور | سَرْوَرْ | سردار |
| سرور | سُرُوْرْ | خوشی، فرحت |
| سردست | سَرِ دَسْتْ | فی الحال، ابھی |
| سرآمد روزگار | سَرْ آمَدْ رُوْزْگار | زمانہ کا بہتر، ممتاز |
| سعادت | سَعَادَتْ | اقبال مندی، خوش نصیبی، نیک بختی، نیکی، بھلائی |
| سعید | سَعِیْدْ | نیک، بھلا، مبارک، خوش نصیب |
| سفلہ | سِفْلَہْ | کمینہ، رذیل، نالائق |
| سفلی | سِفْلِیْ | ادنیٰ، حقیر |
| سکینت | سَکِیْنَتْ | آرام، سکون |
| سلاح پوش | سِلَاح پوْش | ہتھیار لگائے ہوئے، مسلح |
| سلب | سَلْبْ | چھیننا، لے جانے یا مٹانے کا عمل، جذب کرنا۔ |
| سلسلہ | سِلْسِلَہ | زنجیر، بیڑی، تعلق |
| سلیم العقل | سَلِیْمُ العَقْلْ | درست عقل والا |
| سم الفار | سَمُّ الْفَارْ | ایک زہریلا پتھر، سنکھیا |
| سمن | سَمَّنْ | حاضر عدالت ہونے کا تحریری حکم |

| | | |
|---|---|---|
| سن رسیدہ | سِنْ رَسِیدَہ | بوڑھا، بڑی عمر کا |
| سنگدل | سَنگدِل | سخت دل، بے رحم، ظالم |
| سنگریزوں | سَنگرِیزوں | کنکر، روڑی، بجری |
| سوانح | سَوَانِح | واقعات، حادثات، حالات |
| سوداوی مواد | سَوْدَاوِیْ مَوَادْ | پاگل پن، جنونی خیالات |
| سوزش | سوْزِش | جلن، حُرقت |
| سولی | سُولِیْ | ایک چوبی آلہ جس میں مجرموں کو ہاتھوں اور پاؤں میں میخیں ٹھونک کر لٹکا دیتے تھے، پھانسی کا کھمبا |
| سہل | سَھْلْ | آسان، نرم |
| سہوکاتب | سَھْوِ کَاتِبْ | لکھنے والے کی غلطی، بھول چوک |
| سہواً | سَھْوًا | بھولے سے، غفلت سے، بلا ارادہ |
| سہو کتابت | سَھْوِ کِتَابَتْ | کتابت کی غلطی، تحریر کی غلطی |
| سیر | سیر | پیٹ بھرا، بے نیاز، بیزار |
| سیراب | سیرَاب | لبریز، پانی سے بھرا ہوا، تروتازہ، شاداب |
| سیرت | سِیرَتْ | خصلت، عادت، طریقہ |
| سیف | سَیْفْ | تلوار |
| سیہ | سِیہ | سیاہ، کالا، نجس، بد |
| سیّاح | سَیَّاحْ | بہت سیر کرنے والا، سیاحت کرنے والا |
| سبک | سُبُکْ | تیز، ہلکا، چست |
| سوجاکھے | سُوجَاکھے | بینا، دیکھنے والے |
| شاداب | شَادَاب | سرسبز، ہرا بھرا، تروتازہ، سیراب |
| شاذونادر | شَاذو نَادِر | بہت ہی کم، کبھی کبھی |
| شارع | شَارِعْ | شریعت والا |
| شاغلین | شَاغِلِینْ | مصروف، مشغول، خدا کا ذکر کرنے والا |
| شاق | شَاقّ | مشکل، دشوار، ناگوار |
| شاکر | شَاکِرْ | شکر گزار، شکر کرنے والا |
| شامت | شَامَتْ | آفت، مصیبت |
| شامل حال | شَامِلِ حَال | ساتھ |
| شان | شَانْ | عظمت، شوکت، دبدبہ، عزت |
| شانوں | شَانوں | کاندھے، مونڈھے |
| شائستہ | شَائِستَہ | مہذب، باسلیقہ، باتمیز، مناسب، بااخلاق |
| شائع | شَائِع | چھاپ کر مشتہر کیا گیا |
| شبہ | شُبہ | شک، وہم، وسوسہ |
| شبہات | شُبہَات | شکوک، گمان، احتمالات، خدشات |
| شبینہ | شَبِینَہ | رات کا باسی |
| شتاب کار | شِتَاب کَار | جلد باز |
| شحنا | شَحنَا | دشمنی، عناد، عداوت، خصومت |
| شداد | شَدَّادْ | قوی، طاقتور |
| شدت | شِدَّتْ | سختی |
| شراب نوشی | شَرَاب نوشِیْ | شراب پینا |
| شرارت | شَرَارَتْ | بدی، برائی |
| شراکت | شِرَاکَتْ | ساجھا، شرکت، حصہ داری، شریک ہونا |
| شرائین | شَرَائِینْ | شریان کی جمع، خون کی رگ |
| شرع | شَرْع | سیدھا راستہ، شریعت، آئین، مذہب |
| شرکاء | شُرَکَاء | شریک کی جمع، ساتھی، ساجھی |

| | | |
|---|---|---|
| شطحیات | شَطْحِیاتْ | شریعت کے خلاف بکواس، خلاف شرع کوئی ایسا کلمہ جو اللہ والوں سے خلاف شرع بے اختیاری میں نکل جائے |
| شعار | شِعَارْ | چلن، طریقہ، طور |
| شفیع | شَفِیع | شفاعت کرنے والا |
| شق القمر | شَقُّ الْقَمَرْ | چاند کا پھٹ جانا، آنحضرت ﷺ کا معجزہ |
| شقاوت | شَقَاوَت | بدنصیبی، بدبختی |
| شکست و ریخت | شِکَسْتُ و رِیْخت | ٹوٹ پھوٹ، نقصان |
| شکوک | شُکُوک | شک کی جمع: گمان، شبہ، بھرم |
| شگفتگی | شِگُفْتگِی | فرحت، پھول کا کھلنا، خوشی، سرسبزی |
| شگوفوں | شگُوفوں | انوکھی بات، کلیاں، بن کھلے پھول، عجیب |
| شناخت | شَنَاخت | پہچان |
| شنبہ | شَنْبَہْ | ہفتہ |
| شوخ دیدہ | شوخ دِیْدَہ | بے حیاء، بے شرم |
| شوخی | شوخِی | چالاکی، طراری، شرارت، بے باکی |
| شوروغوغا | شورو غَوْغَا | ہنگامہ |
| شوکت | شَوْکَتْ | حشمت وثروت، شان، رعب، عزت و شان، وقار |
| شہادت رویت | شَھَادَتْ رُؤیَتْ | دیکھنے کی گواہی |
| شہتیر | شَھتِیرْ | بڑی لکڑی، لٹھ، لمبی لکڑی جو موٹائی اور چوڑائی میں برابر ہو |
| شیخی باز | شَیخِی بَاز | گھمنڈی، ڈینگ ہانکنے والا، بڑائی کرنے والا |
| شیر خوار | شِیرْ خَوار | دودھ پینے والا بچہ |
| شیرازہ | شِیرَازَہْ | انتظام، بندوبست، سلسلہ، ذریعۂ اجتماع، اتحاد |
| شیرینی | شِیرِینِی | مٹھاس |
| شیوہ | شیوَہْ | طور، طریق، ڈھنگ |
| صابر | صَابِرْ | صبر کرنے والا، متحمل، بردبار |
| صاعقہ | صَاعِقَہ | کڑکنے اور زمین پر گرنے والی بجلی |
| صافی | صَافِیْ | صاف، پاک |
| صافیہ | صَافِیَہ | صاف، پاک (مونث) |
| صانع | صَانِعْ | کاریگر، بنانے والا، پیدا کرنے والا، خالق |
| صبا | صَبَا | وہ ہوا جو مشرق سے چلے، وہ ہوا جو موسم بہار میں چلتی ہے، صبح کی ہوا |
| صدر مقام | صَدْرِ مَقَامْ | پایہ تخت، دارالحکومت |
| صدر | صَدْر | سینہ، چھاتی |
| صریح | صَرِیح | ظاہر، آشکار، صاف صاف، اعلانیہ |
| صعود | صُعُوْدْ | بلندی پر چڑھنا |
| صلاح | صَلَاحْ | نیکی، بھلائی، بہتری، اچھائی |
| صلہ | صِلَہْ | وہ جملہ جو اسم موصول کے بعد آئے |
| صلیب | صَلِیب | سولی |
| صنائع جدیدہ | صَنَائِعْ جَدِیدَہْ | نئی ہنر مندیاں، کاریگریاں |
| صیدگاہ | صَید گاہ | شکارگاہ، شکار کھیلنے کی جگہ |
| صیغہ | صِیغَہ | مشتق اور متصرف کلمہ جو کسی اصل لفظ سے نکالا گیا ہو |

| | | |
|---|---|---|
| صُفّہ | صُفَّہ | چبوترہ، سایہ دار چبوترہ، سائبان |
| ضالین | ضَالِّینْ | گمراہ |
| ضبط | ضَبطْ | روک، رکاوٹ، قید، پابندی |
| ضخامت | ضَخَامَتْ | حجم، موٹاپا، جسامت |
| ضخیم | ضَخِیم | بڑے حجم والا، بہت بڑا، موٹا |
| ضد | ضِدّ | برعکس، مخالف |
| ضرب | ضَرْب | مار، چوٹ، دھکا، صدمہ |
| ضرر | ضَرَرْ | نقصان، خسارہ، تکلیف |
| ضرر یافتہ | ضَرَرْ یَافتَہ | جس کو نقصان پہنچا ہو |
| ضروری الوقوع | ضَرُوْرِیُّ الْوُقُوْعْ | لازمی ہو کر رہنے والی |
| ضعف بدنی | ضُعْفِ بَدَنِیْ | جسمانی کمزوری |
| ضعف | ضُعْف | کمزوری |
| ضعیف الاثر | ضَعِیفُ الْاَثَر | اثر میں کمزور، تھوڑی تاثیر والا |
| ضلالت | ضَلَالَتْ | گمراہی |
| ضیق | ضِیقْ | تنگی، گھٹن |
| طاری | طَارِیْ | چھا جانے والا، غالب آنے والا |
| طاعون | طَاعُوْنْ | ایک مہلک اور متعدی وبا جس میں چھاتی، بغل یا خصیے کے نیچے گلٹیاں نکلتی ہیں اور تیز بخار ہوتا ہے، پلیگ |
| طالع | طَالِعْ | طلوع ہونے والا، چمکنے والا |
| طباشیر | طَبَاشِیرْ | بنسلوچن، ایک سفید رنگ کی دوائی جو بانس کی گانٹھوں سے نکلتی ہے |
| طبائع | طَبَائِعْ | طبیعتیں |
| طبع آزمائی | طَبْع آزْمَائِیْ | طبیعت کی آزمائش، ذہانت کا امتحان |
| طبعی | طَبْعِیْ | فطرتی، اصلی، قدرتی، طبیعت سے منسوب |
| طرز | طَرْزْ | روش، طور، طریقہ، ڈھنگ، انداز |
| طرفہ | طُرْفَہ | حیرت، عجیب |
| طعن | طَعْنْ | طنز، ملامت کرنا |
| طغیان | طُغْیَانْ | نافرمانی، بڑی زیادتی، ظلم |
| طفیل | طُفَیل | ذریعہ، وسیلہ، بدولت، سبب |
| طلاقت لسانی | طَلَاقَتِ لِسَانِیْ | چرب زبانی، تیز زبانی |
| طلبگار | طَلَبگَارْ | خواہش مند، متلاشی |
| طلبی | طَلَبِیْ | بلاوا، حاضر ہونے کا حکم |
| طمع | طَمَعْ | لالچ، حرص، خواہش |
| طمع خام | طَمَعْ خَامْ | ایسی خواہش جس کا پورا ہونا ممکن نہ ہو، پوری نہ ہونے والی آرزو |
| طواف | طَوَافْ | کسی چیز کے گرد پھرنا، کسی بزرگ یا مقدس مقام کے گرد چکر کھانا، گردش |
| طول | طُوْلْ | لمبائی، درازی، وسعت |
| طیبین طاہرین | طَیِّبِیْن طَاھِرِیْنْ | پاک اور نفیس لوگ |
| طیش | طَیْش | غصہ، غضب، جوش، بے عقلی |
| طرفہ بریں | طُرْفَۃٌ بَرِیْں | اس پر انوکھا یہ کہ، اس پر عجیب یہ کہ |
| ظلمت | ظُلْمَتْ | اندھیرا، گمراہی |

# سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے دورہ جاپان کے موقع پر جاپانی قوم کی طرف سے خصوصی اظہار تشکر

مکرم انیس احمد ندیم صاحب نیشنل صدر و مشنری انچارج جاپان

نومبر 2013ء میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے دورہ جاپان کے موقع پر جاپانی سیاستدانوں، وکلاء، دانشوروں، پروفیسرز اور عام طبقہ کی جانب سے اس بات کا برملا اظہار کیا گیا کہ جاپانی قوم جماعت احمدیہ کے مسلسل احسانات پر امام جماعت احمدیہ کی شکرگزار رہے۔

حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ، استقبالیہ تقریب اور مجلس سوال وجواب میں شامل ہونے والے جاپانی احباب نے اس بات پر غیر معمولی مسرت کا اظہار کیا کہ امام جماعت احمدیہ کے خطابات اور ارشادات کی بدولت دین حق کے بارہ میں ان کے خیالات اور تاثرات یکسر بدل گئے ہیں۔ Chugainippo اخبار نے استقبالیہ تقریب کی رپورٹنگ کرتے ہوئے لکھا کہ:۔

''حضرت احمد نے بڑے واضح اور خوبصورت انداز میں خطاب فرمایا۔کبھی عربی اور کبھی انگریزی الفاظ آپ کے خطاب کا حصہ تھے۔جس کا خلاصہ بیان کریں تو صرف یہ ہوگا کہ یہ خطاب اقوام عالم اور مذہبی دنیا کے لئے امن کے پیغام پر مشتمل تھا۔

سب سے دلچسپ پہلو جو آپ نے ارشاد فرمایا وہ یہ تھا کہ ''دین حق آزادی اظہار اور دوسروں کے احترام کا اعلان کرتا ہے اور مذہبی معاملات میں جبر کے خلاف ہے اور قرآن کریم کی تعلیم کے مطابق انسانوں کے احترام، عدل وانصاف کے قیام اور معاملات میں صفائی کا حکم دیتا ہے''۔

تقریب میں شامل ایک سو سے زائد مہمانوں نے نہایت ادب کے ساتھ حضور انور کا شکریہ ادا کیا اور خطاب پر شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ صوبائی ممبر پارلیمنٹ Mrs. Higashi نے کہا کہ وہ خود کو خوش قسمت تصور کرتی ہیں کہ آج کی مجلس میں موجود تھیں اور انہوں نے کہا میں امام جماعت احمدیہ کے خیالات، امنِ عالم کی خواہش اور ایک زبردست خطاب پر آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں''۔

حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کرنے والے اور آپ کے خطاب سے مستفیض ہونے والے مہمانوں میں ناگویا کے میئر بھی شامل تھے انہوں نے حضور انور سے تفصیلی بات چیت بھی کی اور اس دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کہ امام جماعت احمدیہ کی شخصیت اور نہایت خوبصورت خیالات اور دنیا کے امن کی خواہش اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ آئندہ امن کا نوبیل انعام آپ کو دیا جائے۔ ناگویا کے میئر Mr. Kawamura نے اپنے ایڈریس کے دوران حضور کو سیلوٹ بھی پیش کیا۔

## جاپان کے استحکام کے لئے حضرت چوہدری سر ظفر اللہ خان صاحب کی خدمات پر خصوصی اظہار تشکر

جنگ عظیم دوم میں شکست کے بعد جاپان شکست وریخت کا شکار اور کسی مسیحا کی مدد کا منتظر تھا۔ اس موقع پر سیدنا حضرت مصلح موعود کے روحانی فرزند حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب جاپان کے عظیم الشان محسن کے طور پر نمودار ہوئے۔ 1951ء میں سان فرانسسکو میں ہونے والی کانفرنس میں انہوں نے نمائندگان کو ایک ایسے معاہدہ پر مجبور کیا جس سے جاپان دوبارہ دنیا میں سر اُٹھانے کے قابل ہوسکا۔ حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے اس موقع پر اپنے خطاب میں فرمایا کہ:

"The peace with Japan should be a premised on justice and reconciliation, not on vengeance and oppression. In future Japan would play an important role as a result of the series of reforms initiated in the political and social structure of Japan which hold out a bright promise of progress and which qualify Japan to take place as an equal in the fellowship of peace loving nations".

حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی ان خدمات کا برملا اعتراف 2012ء میں پاکستان اور جاپان کے مابین سفارتی تعلقات کی ساٹھ سالہ تقریبات کے موقع پر جاپانی وزیر خارجہ اور دیگر اعلیٰ حکام کی طرف سے بھی سامنے آچکا ہے۔ جاپانی وزارت خارجہ کے اعلیٰ حکام نے ایک موقع پر خاکسار کو حضرت چوہدری صاحب کے دستخط دکھائے جو انہوں نے بطور تبرک اپنے archives میں محفوظ رکھے ہوئے ہیں۔ ان خدمات کے بارہ میں ایک پاکستانی سفارتکار و مصنف ڈاکٹر سمیع اللہ قریشی صاحب اپنی کتاب ''سفیر اور سفارت کاری۔ایک دور کی کہانی'' میں لکھتے ہیں کہ:۔

''1964ء میں اس تقریر پر جاپان کی قدردانی کا اظہار شہنشاہ ہیرو ہیٹو اور ملکہ جاپان کی طرف سے میں نے اس وقت دیکھا جب ظفر اللہ خان بحیثیت انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس ذاتی دورے پر ٹوکیو آئے ہوئے تھے شہنشاہ کے گرینڈ چیمبرلین نے مجھے ٹیلیفون کیا ''سنا ہے کہ ظفر اللہ خان ٹوکیو آئے ہوئے ہیں۔آپ انہیں شہنشاہ اور ملکہ کا آج کے لنچ کی دعوت کا پیغام پہنچا دیں، پھر اس نے مجھ سے دریافت کیا کہ آپ کے پاس ظفر اللہ خان کی سان فرانسسکو صلح کے معاہدے والی تقریر کی کاپی ہے؟ یہ اشارہ تھا کہ ظفر اللہ خان کو محض اس تقریر کی وجہ سے غیر معمولی اعزاز دیا جارہا ہے۔''

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے موجودہ دورہ جاپان کے موقع پر بھی جاپانی سیاستدانوں اور دانشوروں نے خلافت احمدیہ کے ایک خادم کے اس احسان کو یاد رکھا۔قومی اسمبلی کے سینئر ترین ممبر پارلیمنٹ سابق وزیر خزانہ اور سابق وزیر مواصلات وپوسٹل سروسز ڈاکٹر Shozaburo Jimi نے مؤرخہ 11 نومبر 2013ء کو استقبالیہ ایڈریس پیش کرتے ہوئے نہایت ممنونیت اور ادب کے ساتھ اظہار کیا کہ:۔

''دوسری جنگ عظیم کے بعد 1951ء میں سان فرانسسکو میں ایک معاہدہ ہوا تھا جس میں جاپان پر بعض سخت پابندیاں لگائی جارہی تھیں۔ اس وقت پاکستان کے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خان صاحب نے جاپان کے حق میں ایک زبردست تاریخی تقریر کی تھی اور کہا تھا کہ معاہدہ اور پابندیاں جاپان کے ساتھ عدل اور انصاف کی بنیاد پر ہونی چاہئیں انتقام کی بنیاد پر نہیں۔آپ نے یہ بھی فرمایا تھا کہ مستقبل میں جاپان ساری دنیا میں معاشی لحاظ سے اور امن کے لحاظ سے ایک اہم کردار ادا کرنے والا ملک ہوگا۔ چنانچہ آپ نے جاپان کی آزادی میں اور جاپان کے آگے بڑھنے میں بہت عظیم الشان خدمات سرانجام دی ہیں''۔

موصوف نے کہا کہ میں آج جاپان کے ایک وزیر کی حیثیت سے جاپانی قوم کی طرف امام جماعت احمدیہ اور آپ سب کا شکرگزار ہوں کیونکہ وہ (حضرت چوہدری سر محمد ظفر اللہ خان صاحب) جماعت احمدیہ کے ایک مخلص ممبر تھے۔

ناگویا میں منعقد ہونے والے استقبالیہ میں مکرم Akio Najima صاحب جو ہائی کورٹ بار کے عہدیدار اور ایک مشہور وکیل ہیں انہوں نے بھی حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے جاپانی قوم کی طرف سے نہایت ادب کے ساتھ سر جھکا کر حضور انور کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ''یہ احسان جاپانی قوم کے لئے ہمیشہ یاد رکھا جانے والا احسان ہے''۔

## 1995ء میں زلزلہ پر جماعت کی خدمات

17 جنوری 1995ء کو جاپان کے ساحلی شہر کوبے میں شدید زلزلہ آیا۔ زلزلہ کے بعد سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خصوصی توجہ اور راہنمائی کے نتیجہ میں جماعت کو مسلسل تین ماہ تک زلزلہ زدگان کی خدمت کی توفیق ملی۔ ایم ٹی اے کے ذریعہ دنیا بھر کے ناظرین بھی کوبے کے نام سے متعارف ہوئے اور اپنی دعاؤں وعطیات کے ذریعہ سے مصیبت زدگان کی مدد کی توفیق پاتے رہے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے حالیہ دورہ جاپان کے موقع پر Mr. Hiroshi Ueno, Mr Hiroshi, Mr Akio اور Mr.Yoshi Iwamura Najima نے اپنے تاثرات میں خاص طور پر ان کاوشوں کا ذکر کیا اور جماعت احمدیہ کی خدمات پر امام جماعت احمدیہ کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ کوبے کرسچین چرچ کے Mr. Yoshio Iwamura نے اپنے ایڈریس میں کہا کہ 1995ء میں کوبے میں آنے والے زلزلے کو بہت سارے جاپانی بھی بھول چکے ہیں لیکن جماعت احمدیہ کی خدمات اب بھی یاد رکھی جاتی ہیں''۔

## 2011ء کے سونامی پر جماعت کی خدمات

11 مارچ 2011ء کو شمال مشرقی جاپان میں ایک شدید زلزلہ آیا، جس کے بعد آنے والی تسونامی تاریخ کی بدترین تباہیوں میں سے ایک تھی۔اس زلزلہ سے اموات کے لحاظ سے Ishinomaki شہر سب سے زیادہ متاثر ہوا۔ جماعت احمدیہ جاپان اور ہیومینیٹی فرسٹ کو زلزلہ کے بعد مسلسل چھ ماہ تک متاثرین کی خدمت کی توفیق ملتی رہی۔ خدمت خلق کے میدان میں ان عاجزانہ خدمات کی بدولت اس علاقہ میں دین حق کا نام متعارف ہوا اور دین حق کے بارہ میں لوگوں کے خیالات یکسر بدل گئے۔

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے دورہ جاپان کے موقع پر اس شہر سے ایک ممبر پارلیمنٹ

باقی صفحہ 7 پر

# اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## یوم آزادی پر ایک تقریب

(انسٹیٹیوٹ فار سپیشل ایجوکیشن ربوہ)

۞ انسٹیٹیوٹ فار سپیشل ایجوکیشن ربوہ کو مورخہ 14؍اگست 2014ء کو جشن آزادی کی تقریب منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ اس تقریب کی مہمان خصوصی مکرمہ امۃ الکافی عمر صاحبہ تھیں۔تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد ایک ٹیبلو پیش کیا گیا۔ سکول کی طالبہ عزیزہ ہما نگین نے یوم آزادی کے بارے میں تقریر کی۔ اس کے علاوہ تقریب میں ایک کوئز پروگرام کا اہتمام کیا گیا جس میں طلباء نے تمام سوالات کے صحیح جوابات دے کر اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔اس کے بعد مہمان خصوصی نے تقریب کے شرکاء (امہات، بچوں، مہمانوں) سے خطاب کیا۔ آخر پر سکول کے طلباء نے ترانہ پیش کیا۔تقریب کے اختتام پر مکرمہ پرنسپل صاحبہ نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور دعا کے بعد یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

(نظارت تعلیم)

## درخواست دعا

۞ مکرم ایاز احمد طاہر صاحب مربی سلسلہ نظارت اشاعت ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی تائی اماں مکرمہ خالدہ خالد صاحبہ بیوہ مکرم خالد احمد صاحب سابق انسپکٹر مال صدر انجمن احمدیہ فضل عمر ہسپتال کے ICU میں داخل ہیں۔جگر اور معدہ خراب ہونے کی وجہ سے حالت کافی تشویشناک ہے۔

نیز تائی اماں کی بڑی بہن مکرمہ مسرت اقبال صاحبہ بنت چوہدری اقبال احمد صاحب ساکن چک نمبر 563 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد کے گردے خراب ہیں اور ان کی حالت بھی تشویشناک ہے۔

احباب جماعت سے درخواستِ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل وکرم فرماتے ہوئے دونوں کو شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ نیز ہر قسم کی مشکل اور جملہ پیچیدگیوں سے محض اپنے فضل سے محفوظ رکھے۔آمین

۞ مکرم رشید احمد اختر صاحب شاہ تاج شوگر ملز منڈی بہاؤالدین تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی اہلیہ مکرمہ شگفتہ رشید صاحبہ کا CMH راولپنڈی میں ایک پیچیدہ آپریشن متوقع ہے۔ احباب سے ان کی مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## درخواست دعا

۞ مکرم رانا سلطان احمد خاں صاحب زعیم مجلس انصاراللہ باب الابواب غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے داماد مکرم رانا افتخار توقیر امجد صاحب کی طبیعت بہتری کی طرف مائل ہے۔ واکر کے ذریعہ کچھ چل پھر سکتے ہیں۔شوگر کی وجہ سے چلنے پھرنے میں کافی دشواری ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل وکرم سے صحت کاملہ وعاجلہ عطا کرے اور بچوں کے سروں پر والد کا سایہ قائم رکھے۔آمین

۞ مکرم رائے محمد انور صاحب دارالعلوم شرقی برکت ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری اہلیہ مکرمہ امتیاز کوثر صاحبہ مہلک مرض میں مبتلا ہیں۔ دن بدن طبیعت خراب ہوتی جارہی ہے۔ احباب سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## ملازمت کے مواقع

(نصرت جہاں گرلز کالج دارالرحمت ربوہ)

۞ نصرت جہاں گرلز کالج میں ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے لئے مندرجہ ذیل آسامیوں پر خواتین کی درخواستیں درکار ہیں۔

**1۔ایڈمنسٹریشن انچارج۔** تعلیمی قابلیت
ایم بی اے/بی بی اے

**2۔اکاؤنٹنٹ۔** ایم کام/ بی کام آنرز ، ACCA اور کاؤنٹنسی کا تجربہ

خواہشمند خواتین درخواست جمع کروا سکتی ہیں۔درخواست دینے کے لئے CV اپنی تمام تعلیمی اسناد اور شناختی کارڈ کی نقول اور نظارت تعلیم کے شائع شدہ ملازمت کے فارم پر صدر/امیر صاحب کی تصدیق کے ساتھ جمع کروائیں۔ درخواستیں بذریعہ ای میل بھی بھجوائی جاسکتی ہیں۔

info@nazarattaleem.org

(نظارت تعلیم)

## پتہ درکار ہے

۞ مکرمہ مبشرہ حمید صاحبہ بنت مکرم ملک عبدالحمید صاحب وصیت نمبر 91014 نے مورخہ 8مئی 2008ء کو مکان نمبر B-163، پی سی ایس آئی آر، ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور سے وصیت کی تھی۔ شروع وصیت ہی سے موصیہ کا دفتر سے رابطہ نہ ہے۔ اگر موصیہ خود یہ اعلان پڑھیں یا کسی کو ان کے موجودہ پتہ یا فون نمبر کا علم ہو تو دفتر ہذا کو جلد از جلد مطلع فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

## ملیریا سے بچاؤ

۞ آج کل عام طور پر ہسپتال میں ملیریا کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ملیریا سے بچاؤ کیلئے درج ذیل امور کی طرف خصوصی توجہ ہونی چاہئے۔ اس سلسلہ میں احباب کی خدمت میں گزارش ہے کہ

گھروں کے باہر کیاریوں اور اردگرد کے ماحول میں سپرے کروائیں۔

دروازوں اور کھڑکیوں پر جالی لگوائیں۔ اگر جالی لگی ہوئی ہے تو انہیں بند رکھیں۔

خصوصاً رات کے اوقات میں Repellant میٹس اور جلیبی ٹائپ رنگ (Ring) وغیرہ استعمال کریں۔

گھروں کی چھتوں اور صحن میں سونے کی صورت میں مچھردانی کا استعمال کریں۔

گھروں کے باہر پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔

ڈسٹ بن اوپر سے ڈھکے ہونے چاہئیں اور ان کو فوری طور پر خالی کر دیا جائے۔

**عطیہ خون خدمت خلق ہے**

بقیہ از صفحہ 6

Mr Yoshiaki Shoji صاحب جو اس وقت متاثرین کے کیمپ کے انچارج تھے، ایک ہزار کلومیٹر کا سفر کر کے حضور انور کی زیارت کے لئے تشریف لائے اور جماعت احمدیہ و ہیومینیٹی فرسٹ کی ان خدمات پر حضور اقدس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ سابق وزیر خزانہ Shozaburo Jimi ہائی کورٹ بار کے عہدیدار اور مشہور وکیل Mr Akio Najima اور دینی علوم کی ماہر پروفیسر Mrs. Hiroko Minesaki نے اظہار خیال کرتے ہوئے ان خدمات کا ذکر کیا اور نہایت ادب کے ساتھ امام جماعت احمدیہ سے ممنونیت کا اظہار کیا۔

پروفیسر ہیروکو صاحبہ نے ہیومینیٹی فرسٹ جاپان کی خدمات پر ایک تحقیقی مقالہ بھی تحریر کیا ہے اور ہیومینیٹی فرسٹ کے رضاکاروں کی خدمات اور انداز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود کی تعلیم اور انسانیت سے ہمدردی کا خصوصیت سے ذکر کیا گیا ہے۔

Mr Akio Najima اور Mr Yoshiaki Shoji نے اپنے ایڈریسز میں خصوصیت کے ساتھ اس بات کا اظہار کیا کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جماعت احمدیہ کی انسانیت کے لئے خدمات حضرت خلیفۃ المسیح کی طرف سے عطا ہونے والی تعلیم وتوجہ کی بدولت ہیں۔

## ترجمۃ القرآن اور جماعت احمدیہ کا کام کرنے کی برکت

مورخہ 8 نومبر 2013ء کو حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز احمدیہ سنٹر ناگویا میں نماز عشاء پڑھا کر اپنی رہائش گاہ تشریف لے جانے کے لئے گاڑی کے پاس پہنچے تو ایک جاپانی ہاتھوں میں پھول لئے کھڑے تھے انہوں نے مخصوص جاپانی انداز میں سر جھکا کر سلام کیا۔ موصوف Mr Hiroshi Ueno صاحب تھے۔ وہ ایک پرنٹنگ پریس کے مالک ہیں اور سالہا سال سے جماعتی کتب کی پرنٹنگ کر رہے ہیں۔ ان کا گھر احمدیہ سنٹر کے قریب ہی واقع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 2011ء کے زلزلہ اور سونامی کے موقع پر جماعت کی خدمات پر امام جماعت احمدیہ کا شکریہ ادا کرنے کے ساتھ ساتھ خاص طور پر اس لئے حاضر ہوا ہوں کہ جماعت احمدیہ کا کام کرنے کی وجہ سے مجھے ہمیشہ بے حد فائدہ پہنچتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا پرنٹنگ پریس اُس سال سب سے زیادہ منافع میں رہا جب وہاں قرآن کریم کی طباعت کا کام ہوا تھا۔ اسی طرح جب جماعت کی کوئی بھی کتاب یا فولڈر پرنٹ کرتا ہوں تو اس کے بعد ان کے پرنٹنگ پریس کو غیر معمولی آرڈر ملنے لگتے ہیں۔ بعد ازاں انہوں نے کیپٹل ہل والے خطاب کی ایک ہزار کاپی اپنی طرف سے بطور تحفہ پیش کی۔

## صوبہ آئی چی کے گورنر کی طرف سے اظہار تشکر

آئی چی صوبہ کے گورنر بیرون ملک ہونے کی وجہ سے استقبالیہ تقریب میں شرکت نہ کر سکے۔ لیکن انہوں نے Mr Miyake Isao صوبائی ممبر پارلیمنٹ کو اپنا نمائندہ مقرر کیا۔ Mr Miyake نے ناگویا آمد پر ہوٹل کے گیٹ پر حضور کا استقبال کیا اور ٹوکیو میں منعقد ہونے والے پروگرام میں بھی شریک ہوئے۔صوبہ آئی چی کے گورنر Mr Oomura نے اپنے خوش آمدید کے پیغام میں کہا کہ:۔

''جماعت احمدیہ جاپانیوں کے ساتھ تعلقات کے فروغ کیلئے بہت کاوشیں کر رہی ہیں اسی طرح مشرقی جاپان میں آنے والے زلزلہ اور سونامی کے بعد جماعت نے متاثرہ علاقہ میں جا کر جو خدمت کی ہے، میں اس پر ممنون ہوں اور اس بات کی خواہش کرتا ہوں کہ آئندہ بھی باہم مل کر معاشرہ کی تعمیر وترقی کے لئے کوششیں جاری رکھیں''۔

اللہ تعالیٰ تمام عالم انسانی کو خلافت احمدیہ کے فیض سے مستفیض فرماتا چلا جائے اور اس کے ذریعے دنیا کو ہدایت کی طرف آنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

# معلوماتی خبریں

## عالمی ذرائع ابلاغ سے

### روبوٹک سانپ

امریکی ماہرین نے ایسا انوکھا روبوٹک سانپ تیار کیا ہے جو قدرتی آفات اور حادثات میں ریسکیو آپریشنز بخوبی سرانجام دے سکے گا۔ اس روبوٹک سانپ میں حقیقی سانپ کی طرح زمین پر رینگنے، پانی میں تیرنے، درخت اور کھمبوں پر چڑھنے اور لپٹنے کی مکمل صلاحیت موجود ہے۔

(وائس آف امریکہ 28 جولائی 2014ء)

### سرخ مرچیں وزن کم کرنے میں مفید

ماہرین نے سرخ مرچوں کے کئی فائدے بتائے ہیں۔ سرخ مرچیں وزن کم کرنے میں مفید ہیں۔ یہ کینسر سے بچاؤ میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ ذیابیطس کے خطرے کو کم کرتی ہیں۔ نظامِ ہضم کو تیز کرتی ہیں۔ مدافعتی نظام میں اضافہ کرتی ہیں اور مختلف دردوں کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

(روزنامہ دنیا یکم اگست 2014ء)

### برطانیہ میں انوکھا پودا متعارف

برطانیہ میں ایسا منفرد پودا متعارف کرایا گیا جس پر ایک ساتھ آلو اور ٹماٹر اگائے جاسکتے ہیں۔ برطانیہ میں ''ویج پلاٹ ان آپوٹ'' کے نام سے ٹماٹر اور آلو کے ہائبرڈ پلانٹ کو مارکیٹ میں متعارف کرایا گیا۔ اس حیرت انگیز پودے کے اوپر ٹماٹر اور نیچے آلو اگائے جاسکتے ہیں۔

(روزنامہ دنیا یکم اگست 2014ء)

### روزانہ دوڑ دل کے دورے سے حفاظت

ایک نئی آسٹریلوی تحقیق کے مطابق روزانہ دوڑنا صحت کے لئے اچھا ہوتا ہے۔ تحقیق سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ روزانہ دوڑنے سے دل کے دورے میں کمی واقع ہوتی ہے۔ تحقیق میں یہ بتایا گیا کہ روزانہ اگر 5 منٹ کی دوڑ بھی لگائی جائے تو وہ صحت کے لئے مفید ثابت ہوتی ہے۔

(روزنامہ دنیا یکم اگست 2014ء)

### بھگو کر بادام کھانے کی افادیت

بادام کو کھانے سے پہلے بھگونا اس لئے بہت ضروری ہے کہ اس طرح نہ صرف گری نرم ہو جاتی ہے بلکہ چھلکا بھی اتر جاتا ہے اس کے خشک چھلکے میں ایک مخصوص انزائم ہوتا ہے۔ جس وجہ سے بادام ہضم نہیں ہوتا اور اس کے غذائی اجزاء جسم میں جذب نہیں ہوتے، دماغی صحت کے علاوہ بھی بادام کے بہت سے فوائد ہیں۔

بھگوئے ہوئے بادام ہاضمے کو درست کرتے ہیں اور جسم میں پروٹین کے انجذاب میں مدد دیتے ہیں۔

جریدے ''فری ریڈیکل ریسرچ'' کے مطابق بادام میں پایا جانے والا مادہ ایلفا 2 فیرل بلڈ پریشر کو کنٹرول میں رکھتا ہے یہ 30 سے 70 سال کے لئے خصوصاً مفید ہے۔

بادام جسم میں مضرِ صحت کولیسٹرول کی مقدار کم کرتا ہے اور صحت بخش کولیسٹرول کی مقدار بڑھاتا ہے۔ بادام بیٹا بولک سنڈروم پر قابو پا کر موٹاپا کم کرتے ہیں اور بدن کو چست و توانا بناتے ہیں۔

(روزنامہ پاکستان 26 جولائی 2014ء)

### نچلے دھڑ کے فالج سے متاثرہ افراد کا چلنا ممکن

ٹوکیو کے فزیالوجیکل سائنسز کے ماہرین نے کہا ہے کہ مستقبل میں ریڑھ کی ہڈی پر چوٹ یا نچلے دھڑ کے فالج سے متاثرہ افراد کمپیوٹر کی مدد سے چل پھر سکیں گے۔ ماہرین نے ریڑھ کی ہڈی پر چوٹ یا زخموں سے متاثرہ افراد کو چلنے پھرنے میں مدد دینے کے لئے دماغ سے لے کر ریڑھ کی ہڈی کے اعصابی مرکز میں کمپیوٹر کو استعمال میں لاتے ہوئے بائی پاس انٹرفیس مصنوعی رابطہ بنالیا ہے جو کہ متاثرہ افراد کو اپنی مرضی سے عضلاتی حرکت کو بروئے کار لاتے ہوئے ریڑھ کی ہڈی کے مرکز کو چلنے پھرنے پر اکساتا ہے اور چلنا پھرنا کنٹرول کرتا ہے۔ اس ٹیکنالوجی سے ریڑھ کی ہڈی کے متاثرہ حصوں سے سپائس لوکوموشن سنٹر کو کام کرنے اور حرکت میں آنے کا کوڈ پیغام دینے میں مدد ملے گی اور نیچے کے دھڑ کے فالج زدہ آدھے دھڑ کے مریض اپنی مرضی سے چل پھر سکیں گے۔

(روزنامہ نئی بات 18 راگست 2014ء)

خدا تعالیٰ کے فضل و رحم کے ساتھ
اٹھوال فیبرکس
بوتیک ہی بوتیک اور لان کی تمام ورائٹی پر زبردست سیل سیل سیل
ملک مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ
اعجاز احمد اٹھوال: 0333-3354914

KOHISTAN STEEL
DEALERS OF PAKISTAN STEEL MILLS CORPORATION LTD AND IMPORTERS
Talib-e-Dua: Mian Mubarik Ali

### کالی مرچ۔ مصالحوں کی ملکہ

کالی مرچ کا استعمال صدیوں سے ہے اس کے پتے نوکدار اور پانچ سے چھ انچ تک لمبے اور تین انچ تک چوڑے ہوتے ہیں۔ کالی مرچ قبل از مسیح سے کھانوں میں ناگوار بو ختم کرنے اور ادویاتی استعمالات میں بلغم کے اخراج اور تحریک پیدا کرنے کے لئے استعمال کی جاتی رہی ہے، کالی مرچ معدے کو تحریک دے کر ہائیڈروکلورک ایسڈ میں اضافہ کا باعث بنتی ہے اور یہ ایسڈ پروٹین اور دیگر غذاؤں کو ہضم کرنے کے لئے نہایت ضروری ہے۔

مشی گن کینسر سنٹر کی تحقیق کے مطابق کالی مرچ چھاتی کے کینسر کو پیدا ہونے میں مزاحم ہے۔ اس کے علاوہ کالی مرچ جلدی اور بڑی آنت کے کینسر کا جسم میں پھیلاؤ روکنے میں مدد و معاون سمجھی جاتی ہے۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ کرکومن نامی مرکب کے ساتھ کالی مرچ کا استعمال دماغی خلیوں کی حفاظت کے لئے نہایت مددگار رہا ہے۔

کالی مرچ کی اوپر اولی تہہ ایسے اجزا سے بھرپور ہوتی ہے، جو چکنائی سے بھرپور خلیوں میں کمی واقع کرنے کا سبب بنتی ہے۔

رنگ صاف کرنے والی کریم میں پسی ہوئی کالی مرچ ملا کر استعمال کرنے سے جلد کے مردہ خلیوں کا خاتمہ ہو جاتا ہے اور جلد کو زیادہ تعداد میں مختلف اجزاء اور آکسیجن ملتی ہے، جس سے جلد صاف اور چمکدار بن جاتی ہے۔

ان کے علاوہ نزلہ وزکام کی وجہ سے بند ناک کو کھولنے، ڈپریشن میں کمی، قوت قلب میں اضافہ اور اینٹی آکسائیڈنٹس میں اضافہ کے لئے بھی کالی مرچ کا استعمال مفید ہے۔

(روزنامہ پاکستان 9 جولائی 2014ء)

## درخواست دعا

مکرم حافظ پرویز اقبال صاحب مربی سلسلہ مدرسۃ الحفظ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی والدہ محترمہ حفیظ اقبال صاحبہ کا چند یوم تک لندن میں آنکھ کا آپریشن متوقع ہے۔ احباب سے شفاء کاملہ وعاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

شادی بیاہ و دیگر تقریبات پر کھانے پکوانے کا بہترین مرکز
مجید پکوان سنٹر یادگار روڈ ربوہ
پروپرائیٹر: فرید احمد: 0302-7682815

آجکل تبدیلی کا شور ہے لیکن
لبرٹی پر تو سیل کا زور ہے
لبرٹی فیبرکس
اقصیٰ روڈ نزد اقصیٰ چوک ربوہ 047-6213312

### ربوہ میں طلوع وغروب 29۔اگست

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:16 |
| طلوع آفتاب | 5:39 |
| زوال آفتاب | 12:09 |
| غروب آفتاب | 6:39 |

### ایم ٹی اے کے اہم پروگرام

29۔اگست 2014ء

| | |
|---|---|
| 8:35 am | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 12:25 am | راہ ھدیٰ |
| 2:00 pm | جلسہ سالانہ یوکے 2014ء معائنہ جلسہ گاہ 24۔اگست 2014ء |
| 4:00 pm | جلسہ سالانہ یوکے 2014ء جلسہ گاہ حدیقۃ المہدی آلٹن یوکے سے براہ راست نشریات کا آغاز |
| 5:00 pm | جلسہ گاہ حدیقۃ المہدی آلٹن یوکے سے خطبہ جمعہ براہ راست |
| 6:10 pm | جلسہ سالانہ یوکے 2014ء حدیقۃ المہدی آلٹن یوکے سے براہ راست نشریات کا آغاز |
| 8:25 pm | جلسہ سالانہ یوکے 2014ء حدیقۃ المہدی آلٹن یوکے سے پرچم کشائی کی تقریب اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا افتتاحی خطاب |

خواتین اور بچیوں کے مخصوص امراض کیلئے
الحمید ہومیو کلینک اینڈ سٹورز
جرمن ادویات کا مرکز
ہومیوفزیشن ڈاکٹر عبدالحمید صابر (ایم۔اے) فون: 047-6211510
عمر مارکیٹ نزد اقصیٰ روڈ ربوہ فون: 0334-7801578

سٹار جیولرز
سونے کے زیورات کا مرکز
حسین مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ
047-6211524
0336-7060580
طالب دعا: تنویر احمد

FR-10